سوال

(496)اہلسنت اور شیعہ میں اختلافات اصولی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ اہل سنت اور شیعہ کے مابین اختلاف کی وضاحت فرمائیں اور یہ بتائیں کہ ان میں سے کون سا فرقہ اہل سنت سے زیادہ قریب ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل سنت والجماعت اور شیعہ کے درمیان توحید' نبوت' امامت وغیرہ کے متعلق بہت سے امور میں اختلاف ہے ۔ بہت سے علماء نے اس موضوع پر اپنی کتابوں میں روشنی ڈالی ہے ۔ مثلاً شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے منہاج السنۃ میں' شہرستانی نے الملل والنحل میں' ابن حزم نے ''فصل'' میں اور دیگر علماء نے بھی لکھا ہے مثلاً محب الدین خطیب کی تصنیف الخطوط العریضہ اور مختصر تحفہ اثنا عشریہ ۔ آپ مذکورہ بالا کتابوں میں اس موضوع کا مطالعہ کریں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ